خیبر پختونخوا سپر اوور میں ناردرن کو شکست دے کر پاکستان کپ کے فائنل میں پہنچ گیا

کراچی، 30 جنوری 2021ء:

خیبر پختونخوا نے ناردرن کو سپر اوور میں شکست دے کر پاکستان کپ کے فائنل میں رسائی حاصل کرلی ہے۔ فاتح ٹیم 31 جنوری بروز اتوار کو فائنل میں سنٹرل پنجاب کے مدمقابل آئے گی۔

دونوں ٹیمیں قائداعظم ٹرافی کے فائنل میں بھی مدمقابل آچکی ہیں۔ قائداعظم ٹرافی کا فائنل برابر رہا تھا، دونوں ٹیموں کو مشترکہ فاتح قرار دیا گیا تھا۔

خالد عثمان کی قیادت میں میدان میں اترنے والی خیبر پختونخوا کی ٹیم نے سپر اوور میں ناردرن کو جیت کے لیے ایک اوور میں 16 رنز کا ہدف دیا تاہم عمران خان سینئر کی عمدہ باؤلنگ کی بدولت ناردرن کی دونوں وکٹیں صرف 2 رنز پر گر گئیں، لہٰذا خیبر پختونخوا کی ٹیم فائنل میں پہنچ گئی۔

اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں ناردرن نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ پچاس اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 303 رنز بنائے۔ جواب میں خیبر پختونخوا نے بھی مقررہ پچاس اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 303 رنز بنادیئے۔

خیبر پختونخوا نے اوپنر صاحبزادہ فرحان کی شاندار سنچری کی بدولت میچ برابر کیا۔ صاحبزادہ فرحان نے 144 گیندوں پر 132 رنز کی اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 13 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔ انہوں نے اوپنر مصدق احمد کے ہمراہ 127 رنز کی ابتدائی شراکت

قائم کی۔ مصدق احمد نے 8 چوکوں اور 3 چھکوں کی بدولت 62 رنز اسکور کیے۔

ان دونوں بلے بازوں کے علاوہ خیبر پختونخوا کا کوئی دوسرا کھلاڑی زیادہ دیر کریز پر نہ ٹھہر سکا تاہم محمد وسیم جونیئر نے 13 گیندوں پر 18 اور آصف آفریدی نے 7 گیندوں پر 14 رنز بناکر میچ برابر کردیا۔ دونوں بلے باز ناٹ آؤٹ رہے۔

ناردرن کے اطہر محمود نے 2 جبکہ مبصر خان، حماد اعظم اور وقاص احمد نے 1،1 وکٹ حاصل کی۔

اس سے قبل ناردرن کے کپتان حماد اعظم نے 63 گیندوں پر 7 چوکوں اور 4 چھکوں کی مدد سے 94 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔ انہوں نے وکٹ کیپر روحیل نذیر کے ہمراہ پانچویں وکٹ کے لیے 89 رنز کی شراکت قائم کی۔ روحیل نذیر نے 57 رنز اسکور کیے۔ اوپنر حیدر علی 65 رنز بناکر نمایاں رہے تھے۔

فاسٹ باؤلر محمد وسیم جونیئر اور آصف آفریدی نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔

میچ میں شاندار سنچری اسکور کرنے پر اوپنر صاحبزادہ فرحان کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT PAKISTAN CUP 2020-21:

- *33 matches to be played on a double-league basis with each side guaranteed a minimum of 10 50-over matches. For schedule, click here*
- *The event will be played under Covid-19 protocols at three venues in Karachi, namely NBP Sports Complex, State Bank Stadium and UBL Sports Complex.*

- *The Pakistan Cricket Board will broadcast 13 matches – 10 group and three knockouts from the State Bank Stadium, while the PCB's YouTube channel will relay delayed stream all across the globe.*

- *The winner of the tournament will receive PKR5million while the runner-up will collect PKR2.5million.*

- *The best performers of the tournament will equally share PKR1million amongst them and PKR800,000 will be distributed among 32 players who receive Man of the Match awards in group matches and semi-finals. The Player of the Final will receive PKR35,000.*

- *As part of the US$200million agreement with PTV Sports and I-Media Communications Services, the event will be produced by the PCB and broadcasted live on PTV Sports. Click [here,](#) to read more about the three-year agreement.*